۷۔قال رسول اللہ ﷺ: مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ وَاحِدَۃً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ عَشْرًا۔ (مسلم)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے، اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمت بھیجتا ہے۔

۱۔اس حدیث مبارکہ پر تو جتنا لکھا جائے کم ہے۔۔۔ایک اور حدیث مبارکہ میں دس مرتبہ کی جگہ ستر مرتبہ درود یعنی رحمت بھیجتے ہیں کا ذکر ہے۔تو اس کی توضیح میں علماء کرام تین فرماتے ہیں

☆اللہ تعالیٰ کی رحمت امت محمدیہ پر روز بروز بڑھتی رہی تھی تو جن روایتوں میں دس کا وعدہ ہے وہ شروع کی ہیں پھر ستر کا وعدہ فرمایا۔

☆رحمت کی زیادتی کو مخصوص اشخاص اور احوال اور اوقات کے ساتھ ہے۔

☆ستر والی حدیث مبارکہ کا تعلق جمعہ کے دن کے ساتھ ہے اور باقی دنوں میں دس کا وعدہ ہے۔

۲۔ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد پاک ہے کہ قیامت کے روز مجھ سے سب سے زیادہ قریب وہ شخص ہوگا جو مجھ پر سب سے زیادہ درود بھیجے۔

۳۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ جمعہ کے دن میرے اوپر کثرت سے درود بھیجا کرو، اس لئے جمعہ کے دن جو مجھ پر درود بھیجتا ہے وہ مجھ کو فوراً پیش کر دیا جاتا ہے۔

۴۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ میرے اوپر ہر جمعہ کے دن کثرت سے درود بھیجا اس لئے کہ میری امت کا درود ہر جمعہ کو پیش کیا جاتا ہے۔

۵۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا اس شخص کی ناک خاک آلودہ ہو جس کے سامنے میرا نام لیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔

۶۔ رسول اللہ ﷺ کے احسانات کو سامنے رکھا جائے جو آپ ﷺ نے امت پر کئے ہیں تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آدمی ہر وقت ہی درود پاک پڑھتا رہے۔ امت کی طرف سے درود پاک جو پڑھا جاتا ہے وہ آپ ﷺ کے ان احسانات کا بدلہ نہیں ہو سکتا جو امت پر ہے، یہ تو ایک فقیرانہ ہدیہ ہے جو شان رسالت میں پیش کیا جاتا ہے۔

۷۔ کسی مجلس میں سرکارِ دو عالم ﷺ کا ذکر مبارک کیا جائے تو ذکر کرنے اور سننے والے کا ایک مرتبہ درود و سلام پڑھنا واجب ہے اور اس سے زیادہ مستحب ہے اور نماز کے قعدہِ اخیرہ میں تشہد کے بعد درود شریف پڑھنا سنت ہے۔ لیکن ادب اور محبت کا تقاضا یہ ہے کہ جب بھی رسول اللہ ﷺ کا نام مبارک سنیں تو درود پاک ضرور پڑھیں۔

۸۔ اللہ تعالیٰ نے درود و سلام پڑھنے کے لئے کسی وقت اور خاص حالت مثلاً کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر پڑھنے کی قید نہیں لگائی چنانچہ کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر، جہاں چاہے، جس طرح چاہے، نماز سے قبل یا بعد، یونہی اذان سے پہلے یا بعد جب چاہے درودِ پاک پڑھنا جائز ہے۔

۹۔ سب سے افضل درود پاک درود ابراہیمی ہے۔

۱۰۔ درود پاک پڑھنے کی گھروں میں مجلس کروائیں اس سے گھروں میں سکون، اتفاق اور برکاتیں نازل ہوتی ہیں۔

۱۱۔ جب بھی رسول پاک ﷺ کا نام مبارک آئے تو پورا درود پاک "صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم" لکھیں۔ صرف " ؐ " نہ لکھیں۔

۱۲۔ ہمارے اکابرین فرماتے ہیں کہ درود پاک واحد ایسی عبادت ہے تو ہر حال میں قبول ہوتی ہے۔

۱۳۔ آج کل بہت سے درود پاک مشہور ہیں لیکن ہمیں وہ درود پاک پڑھنا جو مستند ہوں۔ سب سے چھوٹے اور مستند درود پاک مندرجہ ذیل ہیں: وصلی اللہ علی النبی الامی، وصلی اللہ علی النبی محمد۔

خلاصہ یہ ہے کہ درود پاک کے بڑے فضائل ہیں۔ تو ہمیں اپنے آپ کو درود پاک کا خوگر بنانا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں سمجھنے اور عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

آمین ثم آمین